بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

عنوان :-اعتراضات وتجاویز بابت انتخابی حلقہ جات پی بی 28 کوئٹہ IV، پی بی 29 کوئٹہ V، پی بی 25 کوئٹہ I، پی بی 31، کوئٹہ VII، پی بی 33 کوئٹہ IX بلوچستان کوئٹہ۔

30/07/2018

جناب عالی!

مودبانہ گزارش ہے کہ درخواست گزار پاکستانی شہری اور علمدار روڈ کوئٹہ کا مستقل رہائشی ہے، جس کا تعلق ہزارہ قوم سے اور ووٹ انتخابی حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV میں درج ہے۔

یہ کہ ہزارہ بہ حیثیت قوم گزشتہ کئی صدیوں سے کوئٹہ بلوچستان میں پرامن زندگی گزارتی آرہی ہے اس قوم کے فرزندوں نے تمام شعبہ ہائے زندگی میں ملک کی نمائندگی کر کے پاکستان کو سرفراز کیا ہے لیکن گزشتہ 18 سالوں سے یہ قوم کوئٹہ میں بدترین دہشت گردی کا نشانہ بن رہی ہے، خودکش دھماکوں، ٹارگٹ کلنگ کے نتیجے میں اس قوم کے 2 ہزار کے قریب افراد شہید اور 4 ہزار کے قریب زخمی کئے گئے، جسکی وجہ سے اس قوم کے افراد علمدار روڈ پی بی 28 کوئٹہ IV (سابق پی بی II) اور پی بی 27 کوئٹہ III (سابق پی بی 6) کے مخصوص ہزارہ نشین علاقوں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں جو کاروبار، تعلیم، ملازمت اور روزگار کی غرض سے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر مذکورہ علاقوں سے باہر نہیں جاسکتے، 2017 کی مردم شماری کے دوران علمدار روڈ کے ہزارہ نشین علاقوں میں مردم شماری شفاف انداز میں نہیں کی گئی جس کے باعث چارج نمبر 7 (پی بی 29 کوئٹہ IV) میں آباد ہزارہ قوم کی نصف سے زائد آبادی کو شمار نہیں کیا گیا جو انھیں ان کے بنیادی شہری حقوق سے محروم رکھنے کا غیر منصفانہ عمل ہے۔

بعد ازاں دوسری ناانصافی اس قوم کے ساتھ یہ ہوئی ہے کہ حلقہ بندیوں کے دوران سابق پی بی 2 اور حالیہ پی بی 28 کوئٹہ IV میں ایسے دور افتادہ اور نواحی علاقے شامل کئے گئے جہاں انتخابی مہم چلانا اور پولنگ اسٹیشن میں پولنگ ایجنٹ روانہ کرنا ناممکن ہے۔

یہ کہ پی بی 28 کوئٹہ IV کی ہزارہ آبادی سے متصل چارج نمبر 2 کا سرکل نمبر 1 جو کہ ہزارہ آبادی پر مشتمل ہے کو حلقہ پی بی 29 کوئٹہ V میں شامل کی گیا ہے اور کئی صدیوں سے سماجی رشتوں میں منسلک ایک اور کثیر آبادی چارج نمبر 7 سرکل نمبر 2 کو بھی سابق پی بی 2 حالیہ پی بی 29 کوئٹہ IV سے نکال کر پی بی 29 کوئٹہ IV کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ ایسی صورتحال میں ملک کی پارلیمانی تاریخ میں (سابق پی بی 2 کوئٹہ) حالیہ پی بی 28 کوئٹہ IV ہزارہ قوم کو اس کی آبادی حقیقی اور اکلوتی نشت سے محروم کرنے اور جمہوری انتخابی عمل سے اس قوم کو دور رکھنے کی کوشش کی گئی ہے مذکورہ بالا تمام صورتحال، سیکورٹی، امن وامان، دہشت گردی، عدم تحفظ کے تناظر میں حالیہ پی بی 28 کوئٹہ IV کی حدود میں تبدیلی ناگزیر ہے جس کیلئے درج ذیل تجاویز پیش کی جارہی ہیں۔

نئی مجوزہ حلقہ بندیاں۔

نام حلقہ		آبادی
پی بی25 کوئٹہ I		
1	کچلاک	154987
2	پنجپائی سب تحصیل	20726
3	نوحصار سب تحصیل	26304
4	بلیلی سب تحصیل	11915
5	بلیلی II	10500
6	بلیلی III	13166
7	درانی II پی سی (سوائے زڑخو وزڑخو غربی)	31242
	کل آبادی	268840
پی بی 26 کوئٹہ II		
1	درانی I پٹوار سرکل قانون گو صدر تحصیل	185098
2	بلیلی I پٹوار سرکل قانون گو حلقہ بلیلی	82556
	کل آبادی	267654
پی بی27 کوئٹہ III		
1	شادنیزئی I سٹی تحصیل	818492
2	صدر III (موضع شابو)	1206
3	صدر IV (موضع ترخہ کاسی)	3346
	کل آبادی	823044
پی بی28 کوئٹہ IV		
1	چارج نمبر 2 کا سرکل نمبر I	10463

30/03/2018

2	چارج نمبر5	13064
3	چارج نمبر7	68921
4	چارج نمبر8	108119
5	چارج نمبر9 کا سرکل نمبر8	15664
	کل آبادی	216231

پی بی29 کوئٹہ V

1	چارج نمبر1(ماسوائے سرکل نمبر1)	26113
2	چارج نمبر2 (ماسوائے سرکل نمبر2)	39600
3	چارج نمبر6	62068
4	چارج نمبر9(ماسوائے سرکل نمبر8)	128877
	کل آبادی	256658

پی بی30 کوئٹہ VI

1	چارج نمبر10(ماسوائے سرکل نمبر2)	79341
2	چارج نمبر 11	63343
3	چارج نمبر 12	113541
4	چارج نمبر 1 کا سرکل نمبر I	15954
	کل آبادی	272179

پی بی31 کوئٹہ VII

1	چارج نمبر10 کا سرکل نمر2	8678
2	چارج نمبر13	117381
3	چارج نمبر14	130078
	کل آبادی	256137

پی بی 32 کوئٹہ VIII

1	پٹوارسرکل کیچی بیگ III قانون گو کیچی بیگ تحصیل سٹی	278446
	کل آبادی	278446

پی بی 33 کوئٹہ IX

1	پٹوارسرکل قانون گو حلقہ کیچی بیگ I	72363
2	کیچی بیگ II	26200
3	شادنیزئی II	77971
4	شادنیزئی III	47464
5	درانی II پی سی کے علاقے زڑخوزڑخو غربی	13006
	کل آبادی	236510

درج بالا پانچ حلقوں کی مجوزہ حد بندی ایسی کی گئی ہے جس میں لسانی رشتے، جغرافیائی نزدیکی، قریبی روابط، پولنگ اسٹیشن تک آسان رسائی کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

درج بالا تمام عرائض و تجاویز کے ضمن میں آپ جناب سے التماس ہے کہ حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV میں آباد ہزارہ قوم کے ووٹرز کی مشکلات کے پیش نظر نئی مرتب کردہ تجاویز پر غور کر کے مشکور فرمائیں۔

درخواست دہندہ

بوستان علی ولد محمد اسلم

ساکن علمدار روڈ مومن آباد کوئٹہ

حلقہ انتخاب (پی بی 28 کوئٹہ IV)

HDP ٹی جنس علمدار روڈ کوئٹہ

03218023060

30/03/2017